Department of Education
Chancellor Meisha Porter

12 مئی، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

جیسا کہ آپ جانتے ہیں، مئی ایشیائی / بحرالکاہل امریکی باشندوں کی ثقافت کا مہینہ ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب ہم ریاستہائے متحدہ میں ایشائی امریکی اور بحر الکاہل کے باشندوں(AAPI) کی ثقافت، تاریخ اور کام کا جشن منا تے ہیں۔ میں ہمیشہ عاجزی محسوس کرتی ہوں جب میں اس کردار کے بارے میں سوچتی ہوں جو ایشیائی / بحرالکاہل امریکی باشندوں نے اس شہر اور ملک کو بنانے میں ادا کیا ہے۔ براعظم کے مابین پہلی ریل روڈ بنانے سے مختلف جنگوں کے دوران امریکہ کے لیے لڑنے تک، ان برادریوں کی ہماری قوم میں گہری بنیادیں ہیں۔ اور انہوں نے بطور چھوٹے کاروبار کے مالکان، اساتذہ، ڈاکٹرز، فنکار، سائنسدان، ٹیکنالوجی کے میدانوں میں اور بہت سے دیگر طریقوں سے اہم کردار ادا کیے ہیں۔

بطور چانسلر، میرے لیے یہ اہم ہے کہ ہمارے طلبا اور معلمین AAPI ثقافت کے افراد کی بھرپور ثقافت اور حصولیابیوں کی تحقیق کریں۔ یہ بھی اہم ہے کہ ہمارے ہمسر AAPI نیویارک باشندوں اور امریکیوں کے خلاف تشدد میں خوفناک اضافے کے بارے میں عمیق گفتگو کی جائے۔ اسکولوں میں، ہم تمام گریڈز میں معلمین کے لیے نصابی وسائل کو قابلِ رسائی بنا کر اسکی اعانت کررہے ہیں۔ اور ہر موڑ پر، ہمیں اس پر زور دینے کی ضرورت ہے کہ نیویارک شہر کے پبلک اسکولوں میں کسی بھی قسم کے تعصب کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ ہمارے AAPI طلبا، عملے اور خاندانوں کے لیے: محکمئہ تعلیم آپ کے ساتھ یکجہتی میں کھڑا ہے۔ ہم آپ کی متنوع اور طاقت ور آوازوں کا احترام کرنا جاری رکھیں گے۔

چند بہترین وسائل کے لیے جو گھر پر اپنے بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے انتہائی عمدہ ہیں،
schools.nyc.gov/togetherforjustice پر جائیں۔ اسکے علاوہ، آپکے بچے سینکڑوں ای بُکس اور آڈیو بُکس کے مجموعے تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں جو ایشائی امریکی اور بحر الکاہل کے باشندے امریکیوں کی ریاستہائے متحدہ کی زندگیوں اور ثقافت میں ادا کردہ کردار کو اعزاز پیش کرتی ہیں۔ یہ کتابیں Sora app کے ذریعے دستیاب ہیں؛ طلبا soraapp.com/welcome/login/310229پر اپنے محکمئہ تعلیم کے شناختی اسناد استعمال کرتے ہوئے لاگ ان کرسکتے ہیں۔

میں ایک اور اہم لنک کا آپکے ساتھ اشتراک کرنا چاہتی ہوں: ہمارے پندرہویں (15th) سالانہ نیویارک شہر اسکول سروے کا لنک، جسکا اسی ہفتے آغاز ہوا ہے ! میں 3K سے گریڈ 12 تک تمام خاندانوں اور اساتذہ اور گریڈز 12-6 کے طلبا کا 11 جون تک nycschoolsurvey.org پر جاکر اس سال اپنے اسکول تجربے کے بارے میں خیالات کا اشتراک کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں۔ ہمیں بتائیں کہ آپ طلبا کی بہبود، مصروف عملی، آپکے اسکول کی جانب سے ابلاغ، ثقافتی زُود حس تعلیم، آپکے اسکول نے کس طرح آپکی اعانت کی ہے اور تعلیم و تدریس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ آپکا اسکول آپکے تبصرات کو تدریسی ماحول کے بارے میں سوچنے میں استعمال کرے گا اور اسکول کو تعلیم کے لیے ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے اسکول برادری کے تمام ممبران کے ساتھ کام کرے گا۔

ہمیشہ کی مانند، میں آپکی شکرگزار ہوں اور آپ جس طرح ہر قدم پر اپنے بچوں کی اعانت کرتے ہیں۔ آپ کا شکریہ۔

بخلوص،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر